# DEPARTMENT OF PRE UNIVERSITY EDUCATION

**Reduced Syllabus**

**MODEL QUESTION PAPER- 2022**

**Subject : URDU - (08)**

**PUC I**

**TIme : 3 hours 15 minutes )** **( Total No. of Questions : 63 )** **( Max Marks : 100**

ضروری ہدایات: ١۔ تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔

٢۔ ہر سوال کے محاذی نشان درج ہیں۔

**I۔ ذیل کے سوالات میں سے کسی دس کے جواب ایک جملہ میں لکھیے۔** **10x1=10**

1۔ حضورِ اکرمؐ نے کمسن بچے کو پیار کرتے ہوئے کیا فرمایا؟

2۔ حضورؐ کی بعثت کا اولین مقصد کیا ہے؟

3۔ دین و دنیا کا کام کس سے چلتا ہے؟

4۔ عقل سے کسے نور ملتا ہے؟

5۔ روٹی کو توے پر ڈال کر سلیم نے کھڑکی کے باہر کیا دیکھا؟

6۔ نماز و دُعا کے بعد سلیم دل ہی دل میں کونسے الفاظ دہرا رہا تھا؟

7۔ اختلافِ رائے کو پرکھنے کی کسوٹی کیا ہے؟

8۔ مباحثہ اور تکرار میں کس کو ہاتھ سے جانے نہیں دینا چاہیے؟

9۔ مضمون نگار کے لئے مبارک دن کونسا ہوتا ہے؟

10۔ نئے خانساماں نے پچھلی دس ملازمتیں چھوڑنے کی وجہ کیا بتائی؟

11۔ سوویت یونین نے پہلا مصنوعی سیارہ کب اور کہاں بھیجا؟

12۔ لیونارڈو کون تھا؟

13۔ جاپانی ٹرینیں اسٹیشنوں پر کتنی دیر رکتی ہیں؟

14۔ انسان جب از سرِ نو جینے کا اہتمام کرتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟

15۔ لارڈ چیمبرلین کس بات کے لیے مشہور تھا؟

**II۔ (الف)۔ ذیل میں سے کسی پانچ کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔** **5x2=10**

16۔ حضورِ اکرمؐ عیادت کے لئے جاتے تو کس بات کی ترغیب دیتے؟

17۔ کاکلوت سے مراد کیا ہے؟ اگر یہ عقل میں سما جائے تو کیا ہوتا ہے؟

18۔ صاحب نے سنگل اور ڈبل 'یس' والے سلام میں کیا فرق بتایا؟

19۔ جھگڑا زیادہ دنوں تک رہنے سے کیا ہوتا ہے؟

20۔ مرزا نے اپنے دیرینہ باروچی کو منہ زور اور بدتمیز کیوں بنایا؟

21۔ چاند کے آس پاس سے دنیا اور آسمان کیسا نظر آتا ہے؟

22۔ مجتبیٰ حسین نے جاپانی ٹرینوں کو کیوں سمجھ دار کہا ہے؟

23۔ ہاتھ میں شان سے چھتری لے کر چلنے سے شخصیت میں کیا کیفیت پیدا ہوتی ہے؟

**(ب)۔ مندرجۂ ذیل میں سے کسی پانچ کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔** **5x2=10**

24۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت کے نمونے کیا ہیں؟

25۔ حضورِ اکرمؐ کی فصاحت کو شاعر نے کس مثال سے واضح کیا ہے؟

26۔ غیب سے جھٹکا کون کھاتا ہے؟

27۔ دولت اگر کھیتی اور موتی ہے تو وقت کیا ہے؟

28۔ نوجوانوں کی کونسی بات شاعر کو رلاتی ہے؟

29۔ شاعر نے سرزمینِ کرناٹک کے کن ادیبوں اور شاعروں کو یاد کیا ہے؟

30۔ ''اکائی''، نظم کے آخری بند میں شاعر نے کس بات کی تعلیم دی ہے؟

31۔ پیارا وطن کس کی جستجو ہے؟

**III۔ (الف)۔ ان میں سے کسی تین سوالات کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔** **3x4=12**

32۔ حضورِ اکرمؐ کی زندگی سادگی کا بہترین نمونہ ہے۔ وضاحت کیجیے۔

33۔ سلیم نے طوفان، بارش اور بجلی سے بچنے کی کونسی دعائیں بتائیں؟

34۔ خانساماؤں سے متعلق گوناگوں مشکلات کا ذکر سن کر مرزا نے کیا کہا؟

35۔ مجتبیٰ حسین نے ٹوکیو سے کیوٹو کے سفر کے دوران کون کونسے مناظر دیکھے؟

36۔ ''چھتری''، ڈرامے کے انجام کی روشنی میں اس کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجیے۔

**(ب)۔ کسی تین جملوں کی بحوالۂ متن وضاحت کیجیے۔** **3x2=06**

37۔ '' بارش آنے والی ہے، کپڑے اٹھاؤ۔''

38۔ '' واہ یوں نہیں یوں ہے۔ وہ کہتا ہے واہ تم کیا جانو۔''

39۔ '' صاحب! آج کل وفادار مالک کہاں ملتے ہیں۔''

40۔ '' اس میں اتنی جگہ ہی کہاں ہوتی ہے کہ آپ اپنا بستر لگا سکیں۔''

41۔ '' دادا نے منع کیا تھا، دعا کسی کو نہیں بتاتے۔''

IV۔ (الف) کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔ 1x5=05

42۔ 1۔ دولت اور وقت 2۔ ایک نوجوان کے نام 3۔ پیارا وطن ہمارا

(ب)۔ ذیل میں دیے کسی پانچ اشعار کی تشریح کیجیے۔ 5x2=10

43۔ چار دن کا ہے مجھلا یہ سب
سب سے رکھیے سلوک ہی ناچار

44۔ کبھی جو یاد بھی آتا ہوں میں تو کہتے ہیں
کہ آج بزم میں کچھ فتنہ و فساد نہیں

45۔ جو پھر جائے اس بے وفا سے تو جانوں
کہ دل پر نہیں زور چلتا کسی کا

46۔ تم تو یاروں ابھی سے اٹھ بیٹھے
شہر میں رات جاگتی ہے ابھی

47۔ میں اکیلا ہی چلا تھا جانب منزل مگر
لوگ ساتھ آتے گئے اور کارواں بنتا گیا

48۔ اگر خلوص کی دولت کے گوشوارے بنیں
تو شہر میں کوئی صاحبِ نصاب نہ ہو

49۔ جس طرف بھی چل پڑے ہم آبلہ پایانِ شوق
خار سے گل اور گل سے گلستاں بنتا گیا

(ج) کسی ایک رباعی کی تشریح کیجیے۔ 1x4=04

50۔ پیری آئی، ہوئی جوانی رخصت
ساتھ اس کے وہ لطفِ زندگانی رخصت
ہے اب تو اس کا انتظار اے اکبر
ہم کو بھی کرے جہانِ فانی رخصت

51۔ کچھ وقت سے اک بیج شجر ہوتا ہے
کچھ روز میں اک قطرہ گہر ہوتا ہے
اے بندۂ ناصبور تیرا ہر کام
کچھ دیر میں ہوتا ہے مگر ہوتا ہے

52۔ کسی ایک شاعر کا تعارف لکھیے۔ 1x3=03

۱) میر تقی میر ۲) مومن خان مومن ۳) ناصر کاظمی

V۔ 53۔ کسی چار مرکبات کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔ 1x4=04

حسن وسلوک درہم برہم آئینِ قدرت

غیر معمولی نشیب وفراز خدمتِ خلق

54۔ کسی چار کے اضداد لکھیے۔ 2

رحمت عرش ازل طویل نور شب

55۔ کسی چار کے مترادفات لکھیے۔ 2

مدح خسارہ حیات صورت مرگ حاجت

56۔ کسی دو ہم صوت الفاظ کا معنوی فرق لکھیے۔ 2

صدا ۔ سدا قلیل ۔ خلیل تخریب ۔ تقریب

57۔ کسی چار الفاظ کی جنس پہچانیے۔ 2

زندگی دُنیا قلم سورج آواز کتاب

58۔ کسی چار کے مفعول بنائیے۔ 2

حمد علم فتح عشق ظلم عبد

59۔ ان سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے ایک ایک مرکب لفظ بنائیے۔ 2

(بے) (لا) (نگار) (کدہ)

60۔ کسی ایک شعری صنف کی تعریف لکھیے۔ 2

حمد غزل رباعی

61۔ کسی دو جملوں میں مناسب علاماتِ نگارش کا استعمال کیجیے۔ 2

۱) بقول رشید احمد صدیقی غزل اُردو شاعری کی آبرو ہے

۲) سر سید احمد خان بہت ذہین وسیع النظر وسیع القلب ہمدرد اور فرض شناس شخص تھے

۳) تندرستی ہزار نعمت ہے اس کا خیال رکھو

VI۔62۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 5

۱) تعلیمِ نسواں کی اہمیت۔

۲) انٹرنیٹ کے فوائد اور نقصانات۔

۳) قومی یکجہتی۔

63۔ ذیل کے جملوں کو اُردو میں ترجمہ کیجیے- 5

1. *Work is worship.*
2. *An apple a day keeps the doctor away.*
3. *Bangalore is called Garden City of Karnataka.*
4. *Hope is the key of success.*
5. *Gold is costllier than silver.*